Shabbir / Fazil

04-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فیصل خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کویت، قطر اور Oman کے رہنماؤں سے بات چیت کی۔ انھوں نے مغربی ایشیا کے تنازعے کے دوران ان ملکوں کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی مذمت کی۔

2- بھارتی ایئر لائنس آج پھنسے ہوئے مسافروں کو واپس لانے کیلئے بھارت اور خلیج خطے کے درمیان 58 پروازیں چلائے گی۔

3 - امریکہ اور اسرائیل کی فوجوں نے، ایران کے نیوکلیائی ٹھکانوں پر حملے کیے ہیں۔ اسرائیل نے لبنان میں حزب اللہ کے تقریباً 60 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔

4- BJP نے چھ ریاستوں میں، راجیہ سبھا کے انتخابات کیلئے 9 امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ اُس نے پارٹی صدر کے طور پر بہار سے پارٹی صدر نتن نبین کو نامزد کیا ہے۔

5- رنگوں کا تہوار ہولی آج پورے ملک میں پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

6- اورICC مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں جنوبی افریقہ آج شام کولکتہ میں اپنے پہلے سیمی فائنل میچ میں نیو زیلینڈ کے ساتھ کھیلے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Kuwait Qatar Oman

وزیراعظم نریندر مودی نے کویت کے ولیعہد شہزادہ شیخ صباح اَلخالد الحماد المبارک الصباح سے کَل فون پر بات چیت کی اور کویت کی خود مختاری، نیز علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی مذمت کی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، مشکل کی اِس گھڑی میں کویت کے ساتھ ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے، کویت میں بھارتی برادری کی حفاظت اور خیریت کو یقینی بنانے کی، کویت کی قیادت کی لگاتار مدد کی تعریف کی۔

وزیرِاعظم نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی سے بھی بات چیت کی اور قطر کے ساتھ اپنی مضبوط یگانگت کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں مذاکرات اور سفارت کے ذریعے امن و استحکام بحال کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔

جناب مودی نے Oman کے سلطان، سلطان ہیثم بن طارق سے بھی بات چیت کی۔

انھوں نے Oman کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی مذمت کی۔ دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ علاقائی امن و استحکام کی فوری بحالی کیلئے مستقل سفارتی سرگرمی لازمی ہے۔x

Rev. West Asia Flights

آج بھارتی ایئرلائنس، بھارت اور خلیج کے درمیان 58 پروازیں چلائیں گی تا کہ جاری تنازعے کی وجہ سے، مغربی ایشیا میں پھنسے ہوئے مسافروں کو واپس لایا جا سکے۔

شہری ہوابازی کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ بھارتی فضائی کمپنیوں کا آج 58 پروازیں چلانے کا ارادہ ہے، جن میں 30 پروازیں انڈیگو اور 23 پروازیں ایئر انڈیا نیز ایئر انڈیا ایکسپریس کی ہیں۔

وزارت نے بتایا کہ وہ مغربی ایشیا کے علاقوں میں فضائی صورتحال اور بین الاقوامی پروازوں پر اِس کے اثرات پر لگاتار نظر رکھے ہوئے ہے۔

بھارتی فضائی کمپنیاں جاری صورتحال کے پیشِ نظر ابھی تک ایک ہزار 221 پروازیں اور غیر ملکیوں کمپنیاں 388 پروازیں منسوخ کر چکی ہیں۔

وزارت نے یہ بات بھی زور دے کر کہی کہ وہ فضائی کمپنیوں کے ساتھ لگاتار رابطے میں ہے اور فضائی کرایوں پر قریبی نظر رکھ رہی ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اِس دوران ٹکٹ کی قیمتیں بلا وجہ نہ بڑھیں۔x

West Asia Conflict

مغربی ایشیا میں تنازعے کا آج پانچواں دن ہے اور اسرائیل- امریکہ کی مشترکہ فوجوں نے ایران کے نیوکلیائی مقامات پر حملے کیے، جبکہ ایران نے بھی تازہ ڈرون حملے کیے۔ تازہ خبروں کے مطابق اسرائیل نے تہران میں نیوکلیائی ہتھیار بنانے کی جگہ پر اپنی سراغ رسانی کا استعمال کیا اور نیوکلیائی ہتھیار بنانے کے ایرانی حکومت کے نظام کا ایک اہم حصہ ختم کردیا۔ اسرائیل نے بتایا کہ کارروائی شروع ہونے سے اب تک اُس کی فضائیہ نے تقریباً 300 ایرانی میزائل لانچرز کو ناکارہ بنایا ہے۔ اُس نے یہ بھی بتایا کہ دفاعی کوششوں کے حصے کے طور پر اسرائیل کی فضائیہ ایرانی حکومت کے بیلسٹک میزائلوں اور دفاعی نظام پر لگاتار حملے کر رہی ہے۔ اسرائیل نے لبنان میں بھی اپنے فضائی حملے تیز کردیے ہیں۔ اُس نے حزب اللہ کی تقریباً 60 جگہوں کو نشانہ بنایا ہے۔

اسرائیل نے جن مقامات پر حملے کیے ہیں اُن میں ہتھیاروں کو ذخیرہ کرنے کی جگہیں، میزائل لانچرز، کمان مراکز اور صُور میں حزب اللہ اور حماس، اور لبنان کے صیدا علاقوں کے اضافی دہشت گردانہ بنیادی ڈھانچے شامل ہیں۔

اس کے علاوہ ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹرتھ سوشل میڈیا پر کہا کہ آپریشن Epic Fury شروع ہونے سے لے کر اب تک 9 ہزار سے زیادہ امریکیوں کو، مغربی ایشیا خطے سے واپس وطن لایا جا چکا ہے۔

دوسری طرف ایران، مغربی ایشیا میں بہت سے ملکوں پر حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ متحدہ عرب عمارات، کی وزارتِ دفاع نے کہا کہ اُس کے فضائی نظام نے کل، 11 بیلسٹک میزائلوں اور 123 ڈرونز کو تباہ کیا، جبکہ ایک میزائل ملک کی سرزمین پر گرا، جس سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

اسی دوران ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے کہا کہ امریکہ نے اسرائیل کی طرف سے اپنی مرضی سے جنگ شروع کی ہے اور ایران کی طرف سے کوئی نام نہاد دھمکی نہیں دی گئی۔x

## West Asia Flights

شہری ہوابازی کی وزارت نے بتایا ہے کہ مغربی ایشیا کے علاقوں میں فضائی صورتحال کے پیشِ نظر بھارتی فضائی کمپنیاں ایک ہزار 200 سے زیادہ، اور غیر ملکی فضائی کمپنیاں تقریباً 380 پروازیں منسوخ کر چکی ہیں۔

وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ وہ صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور پھنسے ہوئے مسافروں کو لانے کیلئے خصوصی انتظامات کر رہی ہے۔ نیز ایئرلائنس، جہاں کہیں ضرورت ہے اضافی پروازیں بھی چلا رہی ہے۔

وزارت نے یہ بھی بتایا کہ بھارتی فضائی کمپنیوں کا آج 58 پروازیں چلانے کا منصوبہ ہے، جن میں 30 پروازیں انڈیگو اور 23 ایئر انڈیا نیز ایئر انڈیا ایکسپریس کی ہوں گی۔x

## Gas and Oil Prices

بین الاقوامی مارکیٹ میں گیس کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے اور مشرقِ وسطیٰ میں لڑائی شدت اختیار کرنے پر عالمی اسٹاک مارکیٹس گر گئی ہیں۔

برطانیہ میں گیس کی قیمتیں پیر کے روز تیزی سے اضافے کے بعد کل تین سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، جبکہ برینٹ خام تیل جولائی 2024 کے بعد پہلی مرتبہ کچھ وقت کیلئے 85 ڈالر فی بیرل سے اوپر چلا گیا۔ اس درمیان امریکہ اور یوروپی اسٹاک مارکیٹوں میں کمپنیوں کے حصص کی قیمتیں گر گئیں۔x

CBSE Exams West Asia

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن نے مغربی ایشیا خطے میں اِس مہینے کی 5 اور 6 تاریخ کو کرائے جانے والے، دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات ملتوی کردیے ہیں۔ بورڈ نے طلبا اور اسکولوں کو بتایا کہ یہ فیصلہ بحرین، ایران، کویت، عُمان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں حالیہ صورتحال کی وجہ سے کیا گیا ہے۔

بورڈ نے یہ بھی بتایا کہ نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ بورڈ جمعرات کو تازہ صورتحال کا جائزہ لے گا اور اِس مہینے کی 7 تاریخ کے بعد سے امتحان کی تاریخوں کے سلسلے میں کوئی مناسب فیصلہ کیا جائے گا۔x

Trump Spain

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسپین کے ساتھ تجارت ختم کرنے کی دھمکی دی ہے۔ اُس نے اِس دھمکی کی وجہ ایران پر امریکہ اور اسرائیلی حملوں میں، اسپین کی طرف سے پوری طرح ساتھ نہ دیا جانا اور نیٹو کے اخراجات میں اضافہ کرنے کی، اِس یوروپی ملک کی طرف سے مزاحمت بتایا ہے۔

امریکی صدر نے یہ رائے زنی، اسپین کے وزیر خارجہ جوز مینوَل اَلبارِس کی طرف سے یہ کہے جانے کے ایک دن بعد کی ہے کہ اُن کا ملک، امریکہ کو کسی بھی طرح کے حملے میں، جنوبی اسپین میں اُن ٹھکانوں کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں دے گا، جن کا ذکر اقوام متحدہ کے منشور میں نہیں ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rajya Sabha

بھارتیہ جنتا پارٹی نے چھ ریاستوں میں 2026 کے راجیہ سبھا انتخابات کے لئے 9 امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ بہار سے، جہاں پانچ سیٹیں خالی ہیں، BJP نے پارٹی سربراہ نتن نبین کو، اور ریاستی لیڈر Shivesh کمار کو نامزد کیا ہے۔ 16 مارچ کو کرائے جانے والے انتخابات کیلئے نامزدگی کاغذات داخل کرنے کی کل آخری تاریخ ہے۔

آسام میں 3 سیٹوں پر انتخابات ہوں گے یہاں BJP نے موجودہ MLA تیرش گوواِلا اور کابینہ وزیر جوگن موہن کو اتارا ہے۔

وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا کہ BJP، تیسرے حلقے کیلئے کوئی امیدوار نہیں اتارے گی کیونکہ یہاں سے پارٹی کے جیتنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔

چھتیس گڑھ میں 2 نشستیں خالی ہیں، یہاں چھتیس گڑھ کے ریاستی خواتین کمیشن کی رکن لکشمی ورما کو نامزد کیا گیاہے۔

ہریانہ میں دو سیٹوں پر چناؤ ہوں گے، یہاں سے سابق ممبر پارلیمنٹ سنجے بھاٹیا کو امیدوار بنایا گیا ہے۔
اوڈیشہ میں چار سیٹوں پر چناؤ ہونے ہیں، BJP نے پارٹی کے اوڈیشہ یونٹ کے صدر منموہن سامَل اور راجیہ سبھا کے سبکدوش ممبر پارلیمنٹ سجیت کمار کو نامزد کیا ہے۔
مغربی بنگال میں پانچ سیٹوں پر چناؤ ہونے ہیں، یہاں مغربی بنگال یونٹ کے سابق صدر راہل سنہا کو امیدوار بنایا گیا ہے۔x

Holi

رنگوں کا تہوار، ہولی آج ملک بھر میں منائی جا رہی ہے۔ یہ تہوار بدی پر نیکی کی فتح اور موسم بہار کے آغاز کی علامت ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ہولی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی خوشی اور جشن منانے کا تہوار ہے، جو سماجی ہم آہنگی کا پیغام دیتا ہے۔ صدر مرمو نے کہا کہ یہ تہوار سماج میں محبت اور امید کے جذبے کو فروغ دیتا ہے اور سماجی یکجہتی کے جذبے کو مستحکم کرتا ہے۔ انہوں نے ہولی کو کثرت میں وحدت کی علامت قرار دیا۔x

Prez VP Holi

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے، ہولی کے موقعے پر قوم کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ یہ تہوار بھلائی کی، برائی پر فتح کا جشن ہے اور یہ تہوار بَہار کی آمد پر منایا جاتا ہے، جس سے بھارت کی تہذیب کی تجدید، امید اور درخشاں جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔x

Holi Delhi

دلّی میں ہولی کا تہوار انتہائی جوش و جذبے کے ساتھ منایا رہا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس تہوار کا جوش، ولولہ اور مسرت شہر کے کونے کونے میں عیاں ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Nitika Gupta

صبح سے ہی سڑکیں، پارک اور رہائشی کالونیاں رنگوں کی بوچھار، موسیقی اور قہقہوں سے زندہ ہو اٹھی ہیں۔ ہر عمر کے لوگ اپنے گھروں سے باہر نکل کر دوستوں، پڑوسیوں اور رشتہ داروں کے ساتھ جشن میں شریک ہو رہے ہیں، جو ہولی کی حقیقی روح یعنی یگانگت اور ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے۔ اس موقعے پر لوگ ایک دوسرے کو ابیر اور گلال لگا کر

نیک خواہشات اور اتحاد کی علامت کے طور پر مبارکباد دے رہے ہیں۔ گُجیا جیسی مٹھائیاں تقسیم کی جا رہی ہیں، جس سے خاندانوں اور کمیونٹیز کے درمیان رشتے مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ پورا شہر رنگوں اور خوشیوں کے ایک شاندار ماحول میں تبدیل ہو گیا ہے، جو دوستی اور تجدید کے اس جذبے کو سمیٹے ہوئے ہے، جو ہولی کی پہنچان ہے۔

ہولی کے موقعے پر دلّی میٹرو کی تمام لائنوں بشمول ایئر پورٹ ایکسپریس لائن پر آج دوپہر ڈھائی بجے تک میٹرو خدمات دستیاب نہیں ہیں۔ اس کے بعد معمول کی خدمات دوبارہ شروع ہو جائیں گی۔

آکاشوانی دلّی سے نیتکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

UP Holi

اترپردیش میں ہولی کا تہوار انتہائی خوشی اور جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پولیس نے تہوار کے دوران کسی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کیلئے خاطر خواہ بندوبست کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sushil Chandra Tiwari

ریاست میں جشن کا آغاز صبح سویرے ہی ہو گیا۔ پوجا ارچنا کے بعد لوگ ایک دوسرے کو رنگ لگا رہے ہیں اور مبارکباد دے رہے ہیں۔ بریلی اور فیروز آباد سمیت کئی اضلاع میں تاریخی باراتیں اور جلوس نکالے جائیں گے، جن میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں لوگ شرکت کریں گے۔

متھرا اور ورنداون میں رنگوں کا یہ جشن ایک منفرد انداز میں منایا جا رہا ہے۔ بھجنوں کے پاٹھ، رقص، رنگوں، پانی، پھولوں اور مٹھائیوں کے ساتھ معاشرے مختلف طبقات جیسے بیوائیں اور بہت سے غیر ملکی بھی اس تہوار میں حصہ لے رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ گورکھپور میں اس مقدس تقریب میں شرکت کریں گے اور اب سے کچھ ہی دیر میں مشہور ''نرسنگھ بھگوان'' جلوس کی قیادت کریں گے۔

آر ایس ایس لیڈر ناناجی دیشمکھ نے اس جلوس کا آغاز 1944 میں کیا تھا اور گورکش پیٹھ کا اس کے ساتھ خصوصی لگاؤ رہا ہے۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Delhi Traffic Police Holi

دلّی ٹریفک پولیس نے ہولی کے موقع پر قومی راجدھانی میں بلا رکاوٹ گاڑیوں کی آمد و رفت کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ پولیس کے نارتھ ایڈیشنل کمشنر دنیش کمار گپتا نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا

کہ پولیس اہلکار، صبح سویرے سے شام تک تقریباً 134 اہم چوراہوں پر تعینات رہیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ مقامی پولیس کے تعاون سے 79 مشترکہ چیک پوسٹ قائم کی گئی ہیں۔ سانس کے ذریعے شراب کی جانچ کرنے والے آلے الکومیٹر سے لیس پولیس کی ٹیمیں نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کی روک تھام کے لیے چیکنگ کریں گی۔ جناب گپتا نے مزید کہا کہ غلط سمت میں گاڑی چلانے والوں کے خلاف خصوصی کارروائی کی جائے گی اور پولیس کی موٹر سائیکل ٹیمیں فوری کارروائی کریں گی۔

S/B: Dinesh Kumar Gupta

T20 World Cup

مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں پہلے سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ نیو زیلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔
بھارت کل ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں دوسرے سیمی فائنل میں انگلینڈ سے کھیلے گا۔ ان دونوں میچ میں جیتنے والی ٹیمیں 8 مارچ کو احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں فائنل میچ کھیلیں گی۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے آج جموں و کشمیر اور لداخ میں ہلکی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیاتی ایجنسی نے سکم میں بھی آج صبح کے وقت کچھ مقامات پر گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے یہ بھی کہا کہ کونکن اور گجرات ریاست کے ساحلی علاقوں میں گرم اور حبس جیسے حالات ہیں۔ IMD نے آئندہ دو دن کے دوران مغربی ہمالیائی علاقے میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 2 ڈگری سیلسئس کا مسلسل اضافے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

Nadda Bioharma Shakti

کیمیاوی مادوں اور کیمیاوی کھادوں کے وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ ''بایو فارما شکتی'' اور تین خصوصی کیمیکل پارکس کیلئے، بجٹ میں 13 ہزار کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔
اقتصادی ترقی کو لگاتار اور مستحکم بنانے کے موضوع پر، بجٹ کے بعد کے ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آزاد تجارتی سمجھوتے، وکست بھارت کیلئے، بابِ داخلہ ہیں اور اِن سے بھارتی صنعت کو نئے موقع فراہم ہوں گے کہ وہ عالمی سطح پر توسیع حاصل کرے۔
بایو فارما مشن کے تحت اگلے پانچ سال کیلئے دس ہزار کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔x

SC India Barcelona

مواصلات اور شمال مشرقی علاقے کی ترقی کے وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ بھارت نہ صرف اپنے ایک ارب 40 کروڑ شہریوں کیلئے، نیٹ ورکس تیار کر رہا ہے، بلکہ دنیا کیلئے بھی بھروسے مند ڈیجیٹل پلوں کی تعمیر کر رہا ہے۔ انہوں نے اسپین کے شہر بارسیلونا میں موبائل ورلڈ کانگریس 2026 میں بھارت پویلین کا افتتاح کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ وسودھیو کٹمبکم کے فلسفے پر عمل پیرا ہوتے ہوئے بھارت کا ماننا ہے کہ باہمی رابطوں کو انسانیت کو بااختیار، شراکت داریوں کو مضبوط اور مشترکہ طور پر خوشحالی کو فروغ دینا چاہیے۔×

US Mid-Term Election

امریکہ میں، ٹیکسس اور آرکنسس شہروں میں ابتدائی انتخابات کے ساتھ ہی وسط مدّتی انتخابات باقاعدہ طور پر شروع ہو گئے ہیں۔ اِن ابتدائی انتخابات میں ووٹرس امریکہ میں یہ طے کریں گے کہ کون سے امیدوار نومبر میں کرائے جانے والے وسط مدّتی انتخابات میں ریپبلیکن اور جمہوری سیاسی پارٹیوں کی نمائندگی کریں گے۔

یہ انتخابات امریکہ اور اسرائیل کی طرف سے ایران پر حملے کیے جانے کے محض 4 دن بعد شروع ہوئے ہیں۔×

Badminton

آل انگلینڈ بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں کل شام لکشیہ سین نے عالمی نمبر ایک اور دفاعی چیمپئن، چین کے Shi Yuqi کو ہرا دیا۔ سین اب پری کوراٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں، جہاں ان کا مقابلہ ہانگ کانگ کے Ng Ka Long Angus سے ہوگا۔

بھارت کی Tanisha Crasto اور Dhruv Kapila پر مشتمل جوڑی بھی دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔ اس نے ملیشیاء کی Hoo Pang Ron اور Cheng Su Yin کی جوڑی کو ہرایا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ ۔فیصل

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیر اعظم کے کئی خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے تبادلۂ خیال کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے: وزیر اعظم نریندر مودی کی عمان، کویت اور قطر سمیت کئی ملکوں کی اعلیٰ قیادت سے گفتگو، متعلقہ ممالک میں ہونے والے حملوں پر گہری تشویش ظاہر کی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اِس اہم خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ مغربی ایشیاء میں بحران کے درمیان خلیجی ممالک میں پھنسے بھارتیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ شروع۔

دبئی سے 149 مسافروں کو لے کر دلّی پہنچی ایئر انڈیا کی پرواز۔

روزنامہ پرتاپ نے اہم خبر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: وزارت دفاع نے بحری سلامتی کو مضبوط بنانے کیلئے 5 ہزار 83 کروڑ روپے کے معاہدات پر دستخط کیے۔ روزنامہ انقلاب نے صدر جمہوریہ کی جانب سے اہلِ وطن کو ہولی کی مبارکباد کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات کی کچھ اہم خبریں:

- ☆ وزیر اعظم نے جنگلی جانوروں کے تحفظ کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔
- ☆ ہماچل پردیش کے وزیر اعلیٰ کی مرکزی وزیر خزانہ سے ملاقات۔
- ☆ راجیہ سبھا انتخابات کیلئے بی جے پی کے 9 امیدواروں کا اعلان۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کویت، قطر اور Omanکے رہنماؤں سے بات چیت کی۔ انھوں نے مغربی ایشیا کے تنازعے کے دوران ان ملکوں کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی مذمت کی۔

2- بھارتی ایئر لائنس آج پھنسے ہوئے مسافروں کو واپس لانے کیلئے بھارت اور خلیج خطے کے درمیان 58 پروازیں چلائے گی۔

3 - امریکہ اور اسرائیل کی فوجوں نے، ایران کے نیوکلیائی ٹھکانوں پر حملے کیے ہیں۔ اسرائیل نے لبنان میں حزب اللہ کے تقریباً 60 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔

4- BJP نے چھ ریاستوں میں، راجیہ سبھا کے انتخابات کیلئے 9 امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ اُس نے پارٹی صدر کے طور پر بہار سے پارٹی صدر نتن نبین کو نامزد کیا ہے۔

5- رنگوں کا تہوار ہولی آج پورے ملک میں پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

6- اورICC مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں جنوبی افریقہ آج شام کولکتہ میں اپنے پہلے سیمی فائنل میچ میں نیو زیلینڈ کے ساتھ کھیلے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---